سوال

(10)قرآن مجید کے نقطوں اوراعراب کی اساتذہ سے تعلیم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاقرآن مجید نقطوں اوراعراب کے بغیر نازل ہوا تواس صورت میں اسے کیسے پڑھا جاتا تھا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہاں یہ بات صحیح ہے کہ ابتدمیں قرآنی نسخے نقطوں اعراب اوراوروقف کی علامت کے بغیر لکھے جاتے تھے۔نقطے اوراعراب وغیرہ تابعین کے عہدمیں لگائے گئے اور عہد نبوی اور اس کے بعد کے دورمیں لوگ حفظ کرنے اوراساتذہ سے سیکھنے کی بنیادپر قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب القران الکریم : جلد 4 صفحہ 25

محدث فتویٰ